سوال

وہ کون سی سورۃ ہے جو قرآن مجید کا دل شمار ہوتی ہے ؟

جواب

الحمد للہ

ایک حدیث میں یہ وارد ہے کہ سورۃ یس قرآن مجید کا دل ہے ، لیکن یہ حدیث ضعیف ہے ۔ دیکھیں علامہ البانی رحمہ اللہ کی کتاب سلسلۃ احادیث الضعیفۃ حدیث نمبر (169) ۔

اوراس میں توکوئی شک وشبہ نہیں کہ سورۃ یس ایک عظیم سورۃ ہے جس میں بہت ہی موثر قسم کے قصص اوراثر بالغ رکھنے والی عبرتیں پائی جاتی ہیں لیکن اسے قرآن مجید کا دل کہنا کہیں بھی ثابت نہیں ہے ۔

ہم آپ کواس بات پر دادوبیتے ہیں کہ آپ اتنی کم عمری (یعنی تیرہ برس کی عمر میں) کے باوجوداس قسم کے سوال کررہے ہیں جوکہ قابل صد تحسین ہے ، اللہ تعالی آپ کی غلطیوں کی اصلاح فرمائے اوراعمال صالحہ کی توفیق عطا فرمائے آمین یارب العالمین ۔

واللہ تعالی اعلم .